# Fatwa from Darul Iftaa, Binnori Town Karachi on 18 Degrees

بسم اللہ الرحمن الرحیم


*MUFTI MUHAMMAD ABDUL MAJEED DEEN PURI*

*Vice Principal Darul Iftaa*

Jamia tul Uloom il Islamiyyah Allama Banuri Town

Karachi 74800 P.O. Box : 3465 (Pakistan)

Phone : 4925352 / 4913570 Fax : 4919531

مفتی محمد عبد المجید دین پوری

نائب رئیس دار الإفتاء

جامعة العلوم الإسلامية علامه محمد یوسف بنوری ٹاؤن

کراچی ۷۴۸۰۰ پی بی رقم: ۳۴۶۵ پاکستان

ٹیلیفون: ۴۹۲۵۳۵۲/۴۹۱۳۵۷۰ فیکس: ۴۹۱۹۵۳۱ (۲۱-۹۲)


---

Date : 23-7-2006

التاریخ ۲۶/۶/۱۴۲۷ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً ومسلماً علی رسولہ الکریم وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔

جغرافیہ اور فلکیات ان علوم آلیہ میں سے ہیں جن میں مسلمان طویل عرصہ تک امام تھے جن کا اعتراف کیے بغیر یورپ کے پاس کوئی چارہ کار نہیں، لیکن اب مسلمان ان علوم کی موٹی موٹی اور اہم اصطلاحات سے بھی واقف نہیں رہے جسکے نتیجہ میں بعض مسائل کا بصیرت کے ساتھ سمجھنا بھی ممکن نہ رہا،

محترم جناب پروفیسر عبداللطیف صاحب (متّع اللہ المسلمین بطولہ) کی اس لطیف کاوش سے ان دو علوم کا سمجھنا سہل اور آسان ہوگیا ہے، جس سے ان علوم کیساتھ متعلق مسائل شرعیہ کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ پروفیسر صاحب نے جغرافیہ کی معلومات کو دلچسپ انداز میں پیش کرکے کتاب کو پرکشش بنادیا، فلکیات کے اصولوں کو سہل انداز میں پیش کرکے علماء کیلئے تخریج اوقات صلوٰۃ کے طریقہ کار اور سمت قبلہ کی تعیین جیسے مسائل پر دسترس حاصل کرنا آسان کردیا۔

پروفیسر صاحب کو ہمارے اکابر کا بھی اعتماد حاصل رہا ہے، اس بناء پر قوی امید ہے کہ یہ کتاب علماء کے حلقہ میں قبولیت عامہ حاصل کرے گی۔

محمد عبد المجید دین پوری

**Fatwa from Darul-Uloom Karachi on 18 Degrees is Subh Sadiq**

92 صفحہ نمبر

# رجسٹر نقل فتاویٰ جامعہ دارالعلوم کراچی

| عنوان | تبویب | مضمون سوال وجواب | نام و پتہ مستفتی | تاریخ نقل فتاویٰ | نمبر |
|---|---|---|---|---|---|

## الجواب باسمہ تعالیٰ

یہ بات مسلم اور طے شدہ ہے کہ صبح صادق اور کاذب کے درمیان تین درجے کا فرق ہے۔ چاہے ۱۸ درجے پر صبح صادق کی تحقیق کو درست قرار دیا جائے یا ۱۵ درجے کی تحقیق کو درست قرار دیا جائے۔ اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ لیکن سوال میں مذکور تمام قدیم وجدید ماہر فلکیات بشمول پروفیسر عبداللطیف صاحب کی طرف جو نسبت کی گئی ہے کہ صبح کاذب ۱۸ درجے زیر افق پر ہوتی ہے یہ سراسر غلط ہے صحیح یہ ہے کہ یہ صبح صادق کا وقت ہے۔ چنانچہ پروفیسر عبداللطیف صاحب کی کتاب "صبح صادق و صبح کاذب" کے متعلق صفحہ کی منسلکہ فوٹو کاپی میں اسکی وضاحت موجود ہے ملاحظہ ہو:

"تمام ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ:

جیسے ہی قرص آفتاب کا مرکز ۱۸ درجات زیر افق کی حد کو پہنچتا ہے ارضی فضاء سے منعکس ہو کر مشرقی افق پر فلق یعنی صبح کی شفق (سازگار حالات میں) نظر آجاتی ہے۔ اور دن کی ابتداء ہو جاتی ہے۔"

مذکورہ کتاب میں اس مسئلے کی بحث کے آخر میں پروفیسر صاحب نے خلاصۃً بیان فرمایا ہے:

"مشاہدات، تحقیقات اور ماہرین کے اقوال کے بعد اس حقیقت سے اب انکار نہیں کیا جاسکتا کہ:

صبح صادق کے وقت ۱۸ درجات زیر افق کی حد پر آفتاب کے پہنچنے پر یعنی فلکی افق کی ابتدا کے وقت صبح صادق کی ابتدا ہوتی ہے اور بروجی روشنی یعنی صبح کاذب ہی ہے" صفحہ ۲۱

واللہ اعلم بالصواب

اسامہ عفی عنہ
دارالافتاء دارالعلوم کراچی ۱۴
۲۵ / ۱۱ / ۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح
احمد علی
۲۵ ذوالقعدہ ۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح
عبدالرؤف سکھروی
دارالافتاء دارالعلوم کراچی ۱۴
۲۵-۱۱-۱۴۲۳ھ

## Mufti Taqi Usmani's personal observations at various locations confirm 18 degrees to be correct


**Justice Muhammad Taqi Usmani**

*Member Shariat Appellate Bench*
*Supreme Court of Pakistan*
*Vice President Darul-Uloom Karachi-14.*

محمد تقي العثماني

قاضي بمجلس التمييز الشرعي للمحكمة العليا باكستان
نائب رئيس : مجمع الفقه الإسلامي بجدة
نائب رئيس : دار العلوم كراتشي ١٤ - باكستان


بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

جناب پروفیسر عبداللطیف صاحب کو اللہ تعالیٰ نے یہ توفیق عطا فرمائی ہے کہ انہوں نے اپنی فنی مہارت کو دین کی خدمت کیلئے استعمال فرمایا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے پوری دنیا کیلئے اوقاتِ نماز پر مشتمل ایک کتاب تیار کر کے شائع کی ہے۔ اور اب خاص طور پر ... کے علاقوں کیلئے اوقاتِ نماز کی تفصیل تاریخ وار مرتب کر کے شائع کر رہے ہیں۔

بندہ فلکیات کے علم میں کوئی خاص استعداد نہیں رکھتا، اس لئے ان اوقات کی تصدیق یا تنقید سے تو قاصر ہے، لیکن جو اصول انہوں نے نقشہ مرتب کرنے کیلئے پیشِ نظر رکھے ہیں وہ درست بھی اور صحیح ہیں، اور بندے نے ان کے نقشے کے اوقات کو عملی طور پر بہت سے مقامات پر تجربہ کر کے ان کو درست پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کوشش کو قبول فرمائیں۔ اور اسے نافع بنائیں۔ آمین

محمد تقی عثمانی عفی عنہ

دارالعلوم کراچی

۲۳ - ۱۱ - ۱۴۲۲ھ


Darul-Uloom Karachi-14 Pakistan

Ph: 310543 — Res: 312788 — Fax: 9221-310543

دار العلوم كراتشي ١٤ - باكستان

هاتف: ٣١٠٥٤٣ منزل: ٣١٢٧٨٨ فاكس: ٣١٠٥٤٣

# Approval From Moulana Yusuf Binnori R.A. that 18 degrees is correct

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

واضح رہے کہ دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کی رائے صبح صادق وکاذب کے بارے میں وہی ہے جو جمہور حضرات علمائے کرام کی ہے، کہ سورج طلوع ہونے سے قبل اٹھارہ درجہ زیر افق ہو تو اس وقت صبح صادق کا وقت ہو جاتا ہے، جبکہ اس نقشے میں یہ دکھایا گیا ہے کہ صبح صادق پندرہ درجہ زیر افق پر ہو جاتا ہے، نیز مذکورہ نقشے کو ارباب دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی نے اس سے پہلے نہ دیکھا ہے اور نہ ہی تصدیق کی ہے، دارالافتاء سے صرف صبح صادق وکاذب ظاہر ہونے کی مدت اور دونوں کے درمیان وقفہ سے متعلق پوچھا گیا تھا، فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں اس کا جواب دیا گیا، جیسا کہ مذکورہ نقشے میں بھی موجود ہے، لہذا دارالافتاء کے اس فتوے کو کسی اور مقصد کے لئے استعمال کرنا درست نہیں فقط۔

کتبہ: احمد خان عفی اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی
۳ صفر المظفر ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
غفرلہ
۸/۲/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
یوسف افغانی
۵/۲/۳۲ھ

الجواب صحیح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

(۱)...... صبح صادق اٹھارہ درجے پر ہوتی ہے۔ اسی وقت سحری بند کرنا ضروری ہے۔ جو لوگ چودہ یا گیارہ درجے کے مطابق انتہاء سحر کے نقشے بنا رہے ہیں اس کے مطابق عمل کرنا جائز نہیں۔

(۲)...... مراکش میں اگر رؤیت کا اعلان شرعی طریقہ پر ہوتا ہے (جیسا کہ مشہور یہی ہے) تو اسکاٹ لینڈ والے اس کے مطابق عمل کر سکتے ہیں۔ اور چونکہ مراکش سعودی عرب کے مقابلے میں زیادہ قریب ہے اسلئے اس کے اعلان کے مطابق عمل کرنا زیادہ بہتر ہے۔

اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ سعودی عرب میں نیومون کی بنیاد پر قمری تاریخ کا اعلان ہوتا ہے تو اس کے بارے میں ہمیں جو معلوم ہوا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ سعودی عرب میں دفتری امور اور عام معاملات زندگی کیلئے ام القریٰ کیلنڈر رائج ہے۔ اور دنیاوی معاملات مثلاً تنخواہوں کی ادائیگی وغیرہ کیلئے اندازہ سے کیلنڈر بنانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔ البتہ رمضان، عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا اعلان شرعی شہادت کے بعد ہونا ضروری ہے، اور ہمارے علم کی حد تک سعودی عرب میں وہ اپنے مسلک کے مطابق شرعی شہادت لیکر ہی اعلان کرتے ہیں، اسی لئے بعض اوقات ام القریٰ کیلنڈر کی تاریخ اور رمضان کی تاریخ میں فرق بھی آجاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

(سید حسین احمد)
دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی
۲۸ ذیقعدہ ۱۴۳۱ھ
۶ نومبر ۲۰۱۰ء

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفرلہ اللہ
۲۹/۱۱/۱۴۳۱ھ

(31)

# مفتی محمد شفیع صاحب کا اہم اعلان

"میرا تردد رفع ہوگیا، اور میں قدیم جنتری کے اوقات کو حسابی اعتبار سے صحیح سمجھتا ہوں" (مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم


Tele. Office : 48117
Res. : 48225

*Mufti Mohammad Shafi*
**President :-** DAR-UL-ULOOM
KARACHI-14.

تلفون: مکتب ۴۸۱۱۷ / مسکن ۴۸۲۲۵

مُفتی محمد شفیع
مؤسس دار العلوم ومُدیرھا
کراچی ۱۴ پاکستان


۱۳۶۸ھ ہجری اور ۱۹۴۸ء عیسوی میں جب احقر پاکستان کراچی میں آکر مقیم ہوا تو یہاں کی عام مساجد وغیرہ میں اوقات کی ایک جنتری طبع کردہ حضرت حاجی وجیہ الدین صاحب مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ آویزاں دیکھی اور بہت سے قابلِ اعتقاد حضرات سے معلوم ہوا کہ انھوں نے اس جنتری کے طلوع وغروب کو مختلف مقامات پر مختلف زمانوں میں جانچا ہے اور صحیح پایا ہے، خود بھی جب کبھی جانچنے کا موقعہ ملا تو اس کے طلوع وغروب کو صحیح پایا، اس لئے دوسرے اوقات کے معاملہ میں بھی اسی پر اعتماد کیا گیا،

اب سے چند سال پہلے اپنے احباب میں سے بعض اہلِ علم نے کچھ نئی تحقیق کرکے یہ قرار دیا کہ اس جنتری میں جو وقت صبح صادق کا دیا گیا ہے درحقیقت وہ صبح کاذب کا ہے اور اس پر جدید وقدیم کے کچھ اہلِ فن کے اقوال بھی پیش کیے۔ چونکہ یہ احتمال غالب تھا کہ + نئے اہلِ فن نے صبح کاذب اور صادق میں فرق نہ کرکے کاذب ہی کو صبح کہہ دیا ہو اسلئے مجھے بھی صبح صادق کے معاملہ میں تردد ہوگیا، اسی بناء پر ہر رمضان میں نقشۂ اوقات کے ساتھ یہ نوٹ شائع کرنا شروع کیا کہ سحری کا کھانا تو قدیم جنتری کے وقت پر ختم کر دیا جائے مگر صبح کی نماز اسکے بعد پندرہ بیس منٹ انتظار کر کے بعد پڑھی جائے،

سالِ رواں میں بعض اہلِ فن حضرات کے ساتھ بحث وتمحیص اور جدید فلکیات کی بعض کتابوں کی مراجعت سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ جدید ماہرینِ فلکیات نے خود صبح کاذب کو الگ کرکے بیان کیا ہے اور وہ درحقیقت رات کا حصہ ہے، اسکے بعد جو صبح صادق ہوتی ہے اسکو انھوں نے صبح کہا ہے، اس نئی تحقیق اور بحث سے میرا تردد رفع ہوگیا اور میں قدیم جنتری کے اوقات کو حسابی اعتبار سے صحیح سمجھتا ہوں، البتہ یہ حسابات خود یقینی نہیں ہوتے، نماز روزہ کے معاملہ میں احتیاط ہی کا پہلو اختیار کرنا چاہئے، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ
۲۲ ذی الحجہ ۱۳۹۳ھ

نمبر ۲۲۵۹
دار الافتاء
دار العلوم کراچی

شائع کنندگان:۔ حافظ محمد یسین انبالوی، اسلم روڈ کراچی، محمد لئیق، ریحان میڈیکو فریئر روڈ کراچی

# Approval from Jamia Faruqia with Moulana Saleemullah Khans signature of 18 degrees Fajr


**JAMIA FAROOQIA**

P.O.Box 11020, KARACHI 25, P.C. 75230 PAKISTAN

www.farooqia.com email: info@farooqia.com

**الجامعة الفاروقية**

ص.ب. رقم 11020، كراتشي رقم 25، الرمز البريدي 75230 باكستان


الحمدللہ رب العلمین والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وبعد

محترم جناب پروفیسر عبداللطیف صاحب کی تازہ کاوش ''دائمی نقشہ اوقات نماز، سحر وافطار برائے پاکستان وآزاد کشمیر'' کی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔ صاحب تصنیف ایک طویل عرصے سے اوقات صلوٰۃ اور سمت قبلہ جیسے اہم موضوعات میں اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ آپ کے تیار کردہ نقشہ جات پاکستان میں اور بیرون پاکستان بھی مقبول ہو چکے ہیں۔

اکابر علماء نے آپ کی ان تحقیقی کاوشوں کو درست اور معتبر قرار دیا ہے۔ اس لیے مسلمانان پاکستان فاضل مصنف کے نقشوں پر عمل کر کے بے تکلف اپنی نمازوں کو ادا کر سکتے ہیں۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کی مساعی جمیلہ کو قبول فرما کر ان کوششوں کو آپ کے لیے صدقہ جاریہ بنا دیں اور آپ کی سمجھ اور فہم میں مزید وسعت وبرکت نصیب فرمائیں۔ آمین !

| | | |
|---|---|---|
| حضرت شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان | مولانا محمد انور خان | مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان |
| مولانا محمد یوسف افشانی | مولانا عبید اللہ خالد | مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل |


HEAD OFFICE: SHAH FAISAL COLONY, BLOCK 4, KARACHI 25, PAKISTAN. TEL: 4571132-4573865, FAX: 4571525.